## I. Invitation to Bidders

**Auction Notice No. PLDDB/June-0281/2025**

# Auction Notice

## Milk Sale/Auction at LES-Farm

# نوٹس نیلامِ عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ادارہ پنجاب لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ (پی ایل ڈی ڈی بی) کے پاس تجرباتی لائیو سٹاک فارم (چک 60 شمالی)، خضر آباد، سرگودھا میں واقع ہے، میں تازہ دودھ گائے کا نیلامِ عام ہوگا۔ خواہشمند حضرات اس نادر موقع سے فائدہ اُٹھائیں۔

| نمبر شمار | تفصیل دودھ | نیلامی کی تاریخ اور وقت |
|---|---|---|
| 1 | تازہ دودھ (گائے) نیلام عام | پہلی نیلامی مورخہ 2025-07-03 بروز جمعرات بوقت 11:00 بجے ہوگی۔<br>دوسری نیلامی مورخہ 2025-07-10 بروز جمعرات بوقت 11:00 بجے ہوگی۔<br>تیسری نیلامی مورخہ 2025-07-17 بروز جمعرات بوقت 11:00 بجے ہوگی۔<br>چوتھی نیلامی مورخہ 2025-07-24 بروز جمعرات بوقت 11:00 بجے ہوگی۔<br>پانچویں نیلامی مورخہ 2025-07-31 بروز جمعرات بوقت 11:00 بجے ہوگی۔ |

**شرائط و ضوابط:**

☆ بولی دہندہ کو دودھ کی نیلامی میں شمولیت کے لئے -/300,000 روپے بطور زرِ ضمانت (قابل واپسی) جمع کروانا ہوگا۔

☆ کامیاب خریدار دودھ کے لیے مبلغ -/1,000,000 (دس لاکھ روپے) کال ڈیپازٹ 72 گھنٹے کے اندر اندر جمع کروائے گا۔

☆ نیلامی صبح و شام کے دودھ کی ہوگی دودھ فارم سٹاف کو دینے سے جو بچے گا خریدار کو اُٹھانا ہوگا اور سات دن کے اندر اندر پیسے جمع کرانا ہونگے۔

☆ دودھ فلیٹ ریٹ پر نیلام کیا جائے گا۔

☆ دودھ کی مقدار کم یا زیادہ ہو سکتی ہے جبکہ دودھ کی پیمائش لیٹر کے حساب سے ہوگی۔

☆ دودھ خضر آباد ڈیری سیکشن سے پارٹی خود اٹھائے گی، خراب ہونے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆ انکم ٹیکس / سیلز ٹیکس گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے مطابق نافذ العمل ہوگا جو بولی دہندہ ادا کرے گا۔

☆ دودھ روزانہ کی بنیاد پر اُٹھانا ہوگا جو کہ تقریباً 700 لیٹر ہوگا۔ اور یہ دودھ ادارہ ہذا کی ضروریات پوری کرنے کے بعد اُٹھانا ہوگا۔

☆ دوران مدت ٹھیکہ چھوڑنے کی صورت میں مبلغ -/1,000,000 (دس لاکھ روپے) کا کال ڈیپازٹ جو کہ ادارہ کے نام پر جمع ہوگا وہ بحق سرکار ضبط کر لیا جائیگا اور ٹھیکہ (معاہدہ) منسوخ کر دیا جائے گا اور بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

☆ ادارہ ہذا کی انتظامیہ دودھ کا معاہدہ کسی بھی وقت وجہ بتائے بغیر منسوخ کر سکتی ہے اور یہ کسی بھی عدالت میں چیلنج نہ ہوگا۔

☆ دودھ کے متعلق گورنمنٹ کی نئی ہدایات جاری ہونے پر اُن ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

☆ بولی دہندہ اور فارم انتظامیہ کے درمیان کوئی تنازع / جھگڑا پیدا ہونے کی صورت میں معاملہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، پی ایل ڈی ڈی بی کو پیش کرنا ہوگا اور ان کا فیصلہ حتمی ہوگا اور کسی مجاز عدالت میں چیلنج نہ ہو سکے گا۔ مزید شرائط موقع پر پڑھ کر سُنائی جائیں گی۔

**نوٹ:** مزید معلومات کے لئے دفتری اوقات میں رابطہ کریں۔ 0304-1392784

**پی ایل ڈی ڈی بی پروکیورمنٹ سیل**

(ہیڈ آفس) پنجاب لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ، 18 کلومیٹر، شاہ پور کانجراں، ملتان روڈ، لاہور۔
Phone: 042-99333706